آپ کے بچے کے پرائمری اسکول میں رشتوں اور صحت کی تعلیم کو سمجھنا: والدین کے لیے ایک گائیڈ

ہم چاہتے ہیں کہ تمام بچے صحت مند، خوش، محفوظ اور جدید برطانیہ کی مشکلات اور امکانات سے نپٹنے کے قابل ہو کر بڑے ہوں۔ اس وجہ سے ستمبر 2020 سے پرائمری کی عمر کے تمام بچوں کو رشتوں اور صحت کی تعلیم دی جائے گی۔

یہ مضامین آپ کے بچے کو علم سے آراستہ کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں تاکہ وہ اپنی فلاح و بہبود، صحت اور رشتوں کے حوالے سے آگہی پر مشتمل فیصلے کر سکیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب بالغ زندگی کے لیے تیار ہو سکیں۔ تمام نوجوان افراد کے لئے یہ دنیا 20 برس قبل کی اس دنیا سے بہت مختلف ہے جب اس نصاب کی آخری مرتبہ تجدید کی گئی تھی - یہ تبدیلیاں مواد کو اکیسویں صدی میں لاتی ہیں تاکہ یہ آپ کے بچے کے لیے متعلقہ بن جائے۔

آپ کے بچے کا اسکول اس مواد کو ایک ایسے انداز میں پڑھانے کے حوالے سے لچک رکھتا ہے جو کہ اس کے طلبہ کی عمر اور بڑھوتری کے حوالے سے مناسب اور ضروریات اور مذہبی پس منظر کے حوالے سے حساس ہو۔

رشتوں کی تعلیم

رشتوں کی تعلیم مثبت اور محفوظ رشتوں، بشمول خاندان، دوستوں اور آن لائن تعلقات، کے لیے درکار تعمیری بنیاد فراہم کرے گی۔

آپ کے بچے کو سکھایا جائے گا کہ رشتہ کیا ہے، دوستی کیا ہے، خاندان کا کیا مطلب ہے اور کون انہیں معاونت فراہم کر سکتا ہے۔ عمر کے لحاظ سے مناسب انداز میں آپ کے بچے کا اسکول موضوعات جیسا کہ دوسروں کے ساتھ کیسے مہربانی، مروت اور عزت کے ساتھ پیش آیا جائے، کا احاطہ کرے گا۔

پرائمری اسکول کی تکمیل پر طلبہ کو درج ذیل پر مواد پڑھایا جا چکا ہو گا:

- خاندان اور لوگ جو میرا خیال رکھتے ہیں
- خیال رکھنے والی دوستیاں
- باعزت رشتے
- آن لائن رشتے
- محفوظ رہنا

آپ GOV.UK پر 'relationships and health education' کو تلاش کر کے مزید معلومات ڈھونڈ سکتے ہیں۔

صحت کی تعلیم

صحت کی تعلیم کا مقصد آپ کے بچے کو وہ معلومات فراہم کرنا ہے جو انہیں اپنی صحت اور فلاح و بہبود، اپنے آپ اور دوسروں کے ساتھ موجود مسائل پہچاننے، اور جب مسائل سر اُٹھائیں تو جلد از جلد مدد کی تلاش کرنے کے حوالے سے اچھے فیصلے کرنے کے لیے درکار ہیں۔

پرائمری اسکول کے اختتام پر، طلبہ کو درج ذیل پر مواد پڑھایا جا چکا ہو گا:

- ذہنی فلاح و بہبود
- انٹرنیٹ پر تحفظ اور نقصانات
- جسمانی صحت اور تندرستگی
- صحت مند کھانا
- منشیات، الکوحل اور تمباکو کے ساتھ وابستہ حقائق اور خطرات
- صحت اور تدارُک
- بنیادی ابتدائی طبی امداد
- لڑکپن میں جسمانی تبدیلی

آپ GOV.UK پر 'relationships and health education' پر تلاش کر کے مزید معلومات ڈھونڈ سکتے ہیں۔

طور والدین آپ کے حقوق

اہم اسباق جو آپ اپنے بچے کو صحت مند رشتوں، اپنے آپ کا خیال رکھنے اور محفوظ رہنے کے حوالے سے سکھاتے ہیں، اس نئے نصاب میں ان کا احترام اور قدر کی جاتی ہے۔ اسکول میں تدریس ان اسباق کی تکمیل کرے گی اور انہیں مضبوط بنائے گی جو آپ اپنے بچے کو بڑے ہونے کے ساتھ ساتھ سکھاتے ہیں۔

آپ کے بچے کے اسکول پر لازم ہے کہ جب وہ اپنی رشتوں کی تعلیم کی پالیسیاں بنائے یا ان کی تجدید کرے تو آپ سے مشاورت کرے۔ یہ پالیسیاں آن لائن شائع کی جانی چاہئیں اور ہر ایک کے لیے مفت دستیاب ہونی چاہئیں۔

آپ اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں، اور یہ آپ کے بچے کے اسکول کو فیصلہ کرنے میں مدد دے گا کہ قانوناً نافذ رہنمائی کے مواد کو کیسے اور کس وقت کور کیا جائے۔ یہ انہیں فیصلہ کرنے میں بھی مدد دے سکتا ہے کہ آیا اضافی غیر لازمی مواد پڑھایا جائے یا نہیں۔ اسکولوں پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ تدریس ان کے طلبہ کی عمر اور مذہبی پس منظر کی عکاسی کرتی ہو۔

کچھ اسکول ستمبر 2019 سے ان مضامین کی تدریس شروع کریں گے - اگر آپ مزید جاننا چاہیں تو براہ کرم اپنے بچے کے اسکول سے پوچھیں کہ وہ کیا پڑھانے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔

اپنے بچے کو نکالنے کا حق

آپ اپنے بچے کو رشتوں کی تعلیم سے نکال نہیں سکتے کیونکہ یہ اہم ہے کہ تمام بچے اس مواد کو وصول کریں جو موضوعات جیسا کہ دوستی اور محفوظ کیسے رہا جائے، کو کور کرتا ہے۔

آپ کے بچے کا پرائمری اسکول جنس کی تعلیم کی تدریس کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اگر آپ اس بارے میں مزید جاننا چاہیں تو ہمارا مشورہ ہے کہ اسکول سے بات کریں تاکہ سمجھ سکیں کہ کیا اور کب سکھایا جائے گا۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ جنس کی تعلیم کے کچھ حصے یا تمام اسباق میں حصہ لے تو آپ اسے نکالنے کا کہہ سکتے ہیں۔ پرائمری درجے پر، ہیڈ ٹیچر کو اس درخواست پر اجازت دینا ہو گی۔

تمام زیرِ انتظام اسکولوں میں سائنس کے نصاب میں بھی انسانی نشوونما، بشمول افزائشِ نسل پر مواد شامل ہے، جس میں سے بچے کو نکالنے کا کوئی حق موجود نہیں ہے۔

Department for Education

اگر آپ مزید جاننا چاہتے ہیں کہ نئے مضامین کے حصے کے طور پر کیا پڑھایا جائے گا، تو بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے بچے کے اسکول سے بات کریں۔